Roll No. | | | | | | |

Answer Sheet No.____________

Sig. of Candidate ________________

Sig. of Invigilator.____________

# اُردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی-II

## حصہ اوّل (کُل نمبر:20)

وقت: 25 منٹ

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے اور صفحات 1-2 پر مشتمل ہے۔اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**سوال نمبر1: دیے گئے الفاظ یعنی الف /ب/ج/د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔**

(i) بابر اور ابراہیم لودھی کی جنگ کس میدان میں ہوئی؟

الف۔ لاہور ب۔ جے پور

ج۔ دلی د۔ پانی پت

(ii) پیپائرس کی تحریروں سے کس کے متعلق معلومات حاصل ہوئی ہیں؟

الف۔ نمرود ب۔ مرزا

ج۔ فرعونوں د۔ شداد

(iii) انارکلی کا اصل نام کیا تھا؟

الف۔ ریشم ب۔ دلآرام

ج۔ نادرہ د۔ شہزرہ

(iv) وادیٔ ہنزہ میں کون سی چیز بدھ بھکشو کی مانند نظر آ رہی تھی؟

الف۔ بلتت کا قلعہ ب۔ راکاپوشی

ج۔ جھیل جنیوا د۔ ثوریا کی شام

(v) ''تمہارا لڑکا تم سے اچھا ترجمہ کرتا ہے'' کس کی رائے ہے؟

الف۔ شبلی ب۔ سرسیّد

ج۔ منشی ذکاء اللہ د۔ مولوی عنایت اللہ

(vi) شاملِ نصاب نظم 'یٰاَیُّھَاالمُزَّمِّلُ' کی ہیئت کیا ہے؟

الف۔ مخمّس ب۔ مسدّس

ج۔ ہائیکو د۔ مثنوی

(vii) مجنوں کی ماں نے لیلیٰ سے شادی کے لیے کیا شرط عائد کی تھی؟

الف۔ سرکاری نوکری ب۔ ایم اے پاس کرنے کی

ج۔ ایل۔ایل۔بی د۔ ذاتی گھر

(viii) مجید امجد نے 'ہری بھری فصلو' کہہ کر کسے مخاطب کیا ہے؟

الف۔ نوجوانوں کو ب۔ فصلوں کو

ج۔ اسلاف کو د۔ نونہالوں کو

(ix) نظم 'اے نسیم بہشت' کا نثری ترجمہ__________ادیب میر مٹھا خان (مرحوم) نے کیا ہے۔

الف۔ پنجابی ب۔ سندھی

ج۔ بلوچی د۔ سرائیکی

(x) نیاز سواتی کے بقول کرسی مُفلس کو کیا بنا دیتی ہے؟

الف۔ خوشحال ب۔ تونگر

ج۔ زردار د۔ فقیر

یہاں کچھ نہ لکھا جائے

---

(xi) "نوادر" کس شاعر کا مجموعہ کلام ہے؟

الف۔ میر تقی میر　　ب۔ خواجہ میر درد

ج۔ سیّد ضمیر جعفری　　د۔ جوش ملیح آبادی

(xii) درد نے "ہستیِ بے بود" کی مثال کس چیز سے دی ہے؟

الف۔ شرر سے　　ب۔ شمع سے

ج۔ گل سے　　د۔ طوفان سے

(xiii) مصحفی کے بقول عاشق کا دھیان شبِ انتظار میں کس چیز پر رہا؟

الف۔ دل کی دھڑکن پہ　　ب۔ رَحشِ عُمر پہ

ج۔ آوازِ پا پہ　　د۔ دروازے کی آہٹ پہ

(xiv) پرتوِ خور کی اصطلاح میں 'خور' سے کیا مراد ہے؟

الف۔ چاند　　ب۔ سورج

ج۔ ستارہ　　د۔ سیّارہ

(xv) اقبالؒ کے خیال میں 'لالے کی حنابندی' کون کرتا ہے؟

الف۔ انسان　　ب۔ مالی

ج۔ شاعر　　د۔ فطرت

(xvi) بقول تابش دہلوی اب آدم زاد کی گمراہی کا کام کون کر رہا ہے؟

الف۔ آدم زاد　　ب۔ شیطان

ج۔ ابلیس　　د۔ عزازیل

(xvii) "کو" قواعد کی رُو سے کون سا حرف ہے؟

الف۔ حرفِ اضافت　　ب۔ حرفِ جار

ج۔ حرفِ علّت　　د۔ حرفِ عطف

(xviii) ذیل میں سے "تفصیلیہ" کی علامت کون سی ہے؟

الف۔ :　　ب۔ :-

ج۔ ؛　　د۔ ،

(xix) مطابقت کے اصول کے مطابق جملہ درج ذیل مکمل کریں:

ماں بیٹی دونوں ______

الف۔ چلے گئے　　ب۔ چلی گئی

ج۔ چلیں گئے　　د۔ چلی گئیں

(xx) (______ الخ) کس علامت کو لکھا جاتا ہے؟

الف۔ علامتِ ترک　　ب۔ علامتِ حذف

ج۔ علامتِ حاشیہ　　د۔ علامتِ تخلّص

---

برائے ممتحن:　　کُل نمبر: 20　　حاصل کردہ نمبر: ______

# اُردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی -II

وقت: 2:35 گھنٹے — کُل نمبر حصہ دوم اور سوم : 80

نوٹ: حصہ دوم اور سوم صفحات 2-1 پر مشتمل ہے۔ ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ (Sheet B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوم (کُل نمبر 44)

**سوال نمبر ۲:** درج ذیل سوالات کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں: (12x3=36)

(i) ابراہیم کی ماں نے ہمایوں کو کیا نذر کیا؟

(ii) مرزا نے کلیم کو جس مسجد میں ٹھہرایا اُس کی ویرانی کا اندازہ کن باتوں سے ہوتا تھا؟

(iii) بڑے چچا اور جمیل کے تعلقات کیوں کشیدہ ہو گئے تھے؟

(یا)

مولوی وحید الدین سلیم کی کفایت شعاری نے کنجوسی کی شکل کیوں اختیار کر لی تھی؟

(iv) جوشؔ کے خیال میں انسان کو تمرّد کی روش سے کیوں شرمانا چاہیے؟

(v) 'خمستانِ ازل کا ساقی' سے کون مراد ہے؟ اور ظفر علی خاں نے یہ ترکیب کن معنوں میں استعمال کی ہے؟

(vi) اکبرالہ آبادی مسلمانوں کی خوشحالی سے کیوں مایوس تھے؟

(یا)

مجنوں نے کیا کہہ کر لیلیٰ سے شادی کے خلاف استعفیٰ دے دیا؟

(vii) صیدِ زبوں کیسے صیاد کو صیاد کرتا ہے؟ تابشؔ کی غزل کے حوالے سے وضاحت کیجیے۔

(viii) غالبؔ کے بقول قطرے پہ گہر ہونے تک کیا گزرتی ہے؟

(ix) علامہ اقبالؒ کی شاملِ نصاب غزل کے حوالے سے عمل کے سلسلے میں عشق اور عقل کا موقف واضح کریں۔

(یا)

حضرت اسمٰعیلؑ نے آدابِ فرزندی کا مظاہرہ کس طرح کیا؟

(x) **چاہنا، دینا، جانا** کو بطور امدادی فعل جملوں میں استعمال کیجیے۔

(xi) داوین کی تعریف کریں اور مثال دیں۔

(یا)

علامتِ حاشیہ کی تعریف کریں - مثال بھی دیں۔

(xii) مطابقت کے اصولوں کے مطابق مندرجہ ذیل جملوں کو درست کیجیے:

الف۔ گھوڑا گاڑی بک گئے۔

ب۔ دو پلنگ اور ایک کرسی ٹوٹ گئیں۔

ج۔ میں نے یہاں کے آموں کو میٹھا پایا۔

**سوال نمبر ۳۔** دوست کے نام خط لکھ کر تمباکو نوشی کے مُضرِ اثرات سے آگاہ کرتے ہوئے اُسے سگریٹ نوشی سے باز رہنے کی نصیحت کیجیے۔ (8)

(یا)

ایک جلی ہوئی روٹی کی آپ بیتی تحریر کیجیے۔

## حصہ سوم (کُل نمبر 36)

**سوال نمبر۴۔** **سبق اور مُصنّف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے:** **(1+1+4=6)**

الف۔ ہندوستان میں اسلام کے ظہور کے بعد پہلے عربی زبان نے فروغ پایا، پھر فارسی زبان کو عمومیت کا خلعت ملا۔ عربی چونکہ دینی علوم کا سرچشمہ تھی اور اسلام کے اصل ماٰخذ عربی ہی میں تھے، اس لیے شائقینِ علوم و فضل اسے شوق سے سیکھتے تھے۔ سندھیوں نے عربی زبان اور عربی علوم میں وہ پایہ حاصل کیا کہ مدینہ منورہ میں انہوں نے درس و تدریس کی مسندیں آراستہ کیں اور عالم اسلام کے اکابر جواہر فیوض کے لیے اُن کے سامنے عقیدت سے دامن پھیلاتے رہے۔ جو کتابیں سندھ میں تصنیف ہوئیں وہ مدتوں اہل علم کے استفادہ کا مرجع بنی رہیں۔

ب۔ مولوی صاحب کیا مرے، زبان اردو کا ایک ستون گر گیا اور ایسا ستون گرا کہ اس جیسا بننا تو کجا، اس حصے میں اُڑواُڑ لگانی بھی مشکل ہے۔ ان کی جگہ بھرنے کے لیے دوسرے پروفیسر کی تلاش ہو رہی ہے مگر عثمانیہ یونی ورسٹی کے ارباب حل و عقد لکھ رکھیں کہ چاہے اِس سرے سے اُس سرے تک، ہندوستان چھان مارو، مولوی وحید الدین سلیم جیسا پروفیسر ملنا تو بڑی بات ہے، ان کا پاسنگ بھی مل جائے تو غنیمت اور بہت غنیمت سمجھو۔

**سوال نمبر۵۔** **کسی ایک جزو کی بحوالہ شاعر تشریح کیجیے اور نظم کا عنوان بھی لکھیں:** **(1+1+4=6)**

الف۔
میں اس کو کعبہ و بت خانے میں کیوں ڈھونڈنے نکلوں
مرے ٹوٹے ہوئے دل ہی کے اندر ہے مقام اس کا
سراپا معصیت میں ہوں، سراپا مغفرت وہ ہے
خطا کوشی روش میری، خطاپوشی ہے کام اس کا

ب۔
لہو برسا، بہے آنسو، لٹے رہرو، کٹے رشتے
ابھی تک نامکمل ہے مگر تعمیرِ آزادی
ہر انداز تعیّن میں ہے پابندی فقیروں کو!
وہ زنجیرِ غلامی تھی یہ ہے زنجیرِ آزادی

**سوال نمبر۶۔** **درج ذیل میں سے تین اشعار کی تشریح کیجیے۔ ہر شعر کے شاعر کا نام بھی لکھیں:** **(3+3+3=9)**

الف۔
سرتا قدم زبان ہیں جوں شمع گو کہ ہم
پر یہ کہاں مجال جو کچھ گفتگو کریں

ب۔
رگِ سنگ سے ٹپکتا، وہ لہو کہ، پھر نہ تھمتا
جسے غم سمجھ رہے ہو، یہ اگر شرار ہوتا

ج۔
ترے آزاد بندوں کی نہ یہ دنیا نہ وہ دنیا
یہاں مرنے کی پابندی، وہاں جینے کی پابندی

د۔
تم تو یارو ابھی سے اٹھ بیٹھے
شہر میں رات جاگتی ہے ابھی

ہ۔
تھپیڑے وقت کے کتنے سبق آموز ہوتے ہیں
زمانہ بھی تو کارِ سیلیِ اُستاد کرتا ہے

**سوال نمبر۷۔** **درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصّل مضمون لکھیں:** **(15)**

الف۔ میرا پسندیدہ اُردو ناول

ب۔ عہدِ حاضر کے تقاضے اور ہم

ج۔ تعلیمِ نسواں۔ وقت کی ضرورت

د۔ اقبالؒ کا شاہین